سوال

(711) مصافحہ ایک ہاتھ سے یا دو ہاتھ سے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنا افضل ہے یا دو سے؟ بعض حضرات کہتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا افضل ہے۔ دلیل دیتے ہیں۔ ابو معمر ابن مسعود کی روایت۔ بخاری باب المصافحۃ 'عَلَّمَنِیَ النَّبِیُّ وَکَفِّی بَیْنَ کَفَّیْہِ' (سائل) (٦جولائی ٢٠٠١ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جانبین سے مصافحہ صرف داہنے ہاتھوں سے ہونا چاہیے۔ ''مسند احمد'' میں عبد اللہ بن بسر کی روایت میں اس امر کی تصریح موجود ہے جب کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایت میں مصافحہ مقصود نہیں۔ یہ تو صرف تعلیم و تعلم میں دلچسپی اور محض اہتمام کا اظہار تھا۔ جس طرح بڑے بزرگ، چھوٹوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہیں۔

حنفی فقہاء نے بھی اس توجیہ کی بھرپور تائید کی ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو کتاب '(المقالة الحسنی فی سنیة المصافحة بالید الیمنیٰ) مؤلفہ علامہ عبدالرحمن مبارکپوری۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ مشارٌالیہ حدیث 'بَابُ الْمُصَافَحَة' میں نہیں بلکہ 'بَابُ الْأَخْذِ بِالْیَدِ' میں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب اللباس: صفحہ: 506

محدث فتویٰ